© rasailojaraid.com

موصوف نے دورِ حاضر میں اجتہاد کی ضرورت کو واضح کیا ہے۔ الحمدللہ کہ مؤلف کا ذہن اجتہاد کے اُس فتنہ انگیز تصور سے پاک ہے جس کے علمبردار متجددین کے مختلف گروہ ہیں۔

**ترجمہ رسالہ اصول تفسیر** | تصنیف: علامہ ابن تیمیۃ الحرانیؒ۔ مترجم: خالد ابن ابوالقاسم انصاری، بھوپال۔

ملنے کا پتہ غالباً وہی ہے جو اوپر درج ہوا۔ قیمت نامعلوم۔

یہ اصول تفسیر میں علامہ ابن تیمیہ کا رسالہ ہے جس کا اردو ترجمہ کسی قدر توضیحات کے ساتھ خالد انصاری صاحب نے قلم بند فرمایا ہے۔

**فتوے دیوبند کا تحقیقی جائزہ** | از: ابو محمد امام الدین صاحب رام نگری۔ شائع کردہ: مکتبہ تحفظ اردو۔ رام نگر۔ بنارس اسٹیٹ۔

اس رسالے میں دیوبند سے نکلے ہوئے اس فتوے پر مفصل اور مدلل تنقید کی گئی ہے جس میں جماعت اسلامی کو ایک گمراہ جماعت ثابت کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ تنقید نہایت سنجیدہ اور محققانہ ہے اور فتویٰ نگاروں کی ایک ایک غلطی کی اس میں وضاحت کے ساتھ تردید کی گئی ہے۔

**آسان اصلاحی لٹریچر** | شائع کردہ: ادارۂ الحسنات، رام پور، یوپی۔

آسان کتابچوں کا یہ سلسلہ بچوں، عورتوں اور بالغوں کے لئے مرتب کیا گیا ہے۔ یہ کئی چھوٹے چھوٹے کتابچوں کا مجموعہ ہے۔ ان کتابچوں میں زندگی کے متعلق ضروری معلومات کہانیوں اور مکالموں کی شکل میں جمع کی گئی ہیں۔ اس سلسلے کی اصل خوبی یہ ہے کہ یہ معلومات افزا ہونے کے ساتھ ساتھ از سرتاپا اسلامی فکر کے رنگ میں رنگا ہوا ہے۔

**سلسلۂ تعلیم و اصلاح** | شائع کردہ: ادارۂ الحسنات، رام پور، یوپی۔

یہ سلسلہ قاعدہ، پہلی کتاب، دوسری کتاب اور تیسری کتاب پر مشتمل ہے۔ یہ بالغ مبتدیوں کے لئے بطور نصاب مرتب کیا گیا ہے۔ دلچسپ ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامیت کی بنیادی قدروں کا حامل ہے۔

**پیرِ حرم اور زائرِ حرم** | از جناب شیخ عبدالرحیم صاحب ایڈووکیٹ، ہائی کورٹ لاہور۔



© rasailojaraid.com